أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

# شد کی ادائیگی کی پہچان

حرف کے اوپر، سین کے سرے کی مثل اوپر کو اُٹھے ہوئے تین دندانوں ــّـ کو شد کہتے ہیں۔ شد والا حرف پچھلے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے اور اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ: پچھلے حرف کو شد والے حرف کے ساتھ فوراً ملاتے ہوئے ہلکا سا دباؤ پیدا کریں، اور دباؤ کے فوراً ہی بعد شد والے حرف پر موجود حرکت کو مضبوطی سے ادا کریں۔ جیسے: [ اَثَّ - اِثَّ - اُثَّ ]۔ اور یاد رکھیں! کہ شد والے میم اور نون (مّ نّ) کو پڑھتے وقت غنہ کریں۔ یعنی ناک میں آواز جاری کریں۔ مثلاً: [ اَمَّ - اَنَّ ]۔

آیئے مشق کیجئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَتَّ اِتَّ اُتَّ | اَثَّ اِثَّ اُثَّ | اَمَّ اِمَّ اُمَّ | اَنَّ اِنَّ اُنَّ |

# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

## مدات کی ادائیگی کی پہچان

مد کا معنی ہے کھینچنا، لمبا کرنا۔ اور مدات دو ہیں: ❶ چھوٹی مد ( ٓ ) ❷ بڑی مد ( ٓ )۔

آپ پڑھ چکے ہیں کہ ”کھڑی حرکات والے حروف“ اور ”حروف مدہ“ کو تھوڑا سا کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: [بٰ بٖ بٗ] [بَا بِیْ بُوْ]

اور آیئے درج ذیل تین باتوں کو مزید یاد کرلیں

① جب کسی حرف پر بڑی مد ( ٓ ) یا چھوٹی مد ( ٓ ) ہو اور اس کے بعد ہمزہ ہو۔ تو اسے دوگنا کھینچ کر پڑھیں۔

آیئے مشق کیجئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَآءَ | بِیْٓءِ | بُوْٓءُ | بَآ اَ | بِیْٓ اِ | بُوْٓ اُ |

# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

## مدات کی ادائیگی کی پہچان

② جب کسی حرف پر بڑی مد ٓ ہو اور اس کے بعد جزم ْ یا شد ّ والا حرف ہو۔ تو اسے تین گنا کھینچ کر پڑھیں۔

آیئے مشق کیجئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| آٰلْئٰنَ | صٓ قٓ نٓ | الٓمّٓ | اَتُحَآجُّوْنِّیْ |

اور یاد رکھیں! کہ (کٓھٰیٰعٓصٓ) سورۃ مریم۔ اور (حٰمٓ عٓسٓقٓ) سورۃ شوریٰ میں ''ع'' کو دو اور تین گنا کھینچنا دونوں طرح صحیح ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دو گنا کھینچ کر مشق کیجئے: | عٓ عٓ عٓ | کٓھٰیٰعٓصٓ | حٰمٓ عٓسٓقٓ |
| تین گنا کھینچ کر مشق کیجئے: | عٓ عٓ عٓ | کٓھٰیٰعٓصٓ | حٰمٓ عٓسٓقٓ |

# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

## مدات کی ادائیگی کی پہچان

③ جب (حروف مدہ) یا (حروف لین) کے بعد والے حرف پر جزم لگا کر وقف کیا جائے۔

تو اسے ایک گنا، دو گنا، اور تین گنا (یعنی تینوں طرح) کھینچ کر پڑھیں۔

آیئے مشق کیجئے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَانُ | بِيْنُ | بُوْنُ | بَيْنُ | بَوْنُ |

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ